والدین اور نگرانوں کے نام پیغام

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

فاصلاتی اور لچکدار تعلیم کے گزشتہ چند ہفتوں میں آپ کی تمام مدد کے لیے شکریہ۔

چیف ہیلتھ آفیسر کے مشورے کے مطابق، وکٹوریا کی حکومت نے آگاہ کیا ہے کہ سکول اپنے مقامات پر تعلیم کے لیے مرحلہ وار واپسی شروع کر سکتے ہیں۔

پہلے مرحلے میں پریپ، گریڈ 1 اور گریڈ 2 کے طالبعلم، سینیئر سیکنڈری (ایئر 11 اور 12 VCAL اور VCE) کے طالبعلم اور سپیشلسٹ سکولوں کے تمام طالبعلم منگل 26 مئی سے سکول واپس آئیں گے۔

ایئر 10 کے جو طالبعلم VCE تعلیم حاصل کر رہے ہیں، بشمول VCE VET تعلیم کے، انہیں بھی ان کلاسوں کے لیے سکول آنا چاہیے جہاں یہ عملی طور پر ممکن ہو۔ اگر یہ آپ کے بچے/بچوں کے لیے ممکن نہ ہو تو ہمارے اساتذہ یہ یقینی بنائیں گے کہ جو کام سکول آنے والے بچوں کو دیا جا رہا ہو، وہی آپ کے بچے/بچوں کو بھی دیا جائے۔

سکول کے تمام عملے کو اس مرحلے میں مدد دینے کے لیے پیر 25 مئی کا دن طالبعلموں کے بغیر رکھا جائے گا۔

سکول میں تعلیم کے لیے واپسی کے **دوسرے مرحلے** میں دوسرے تمام جماعتی درجوں کے طالبعلم منگل 9 جون سے سکول واپس آئیں گے۔

ان طالبعلموں کے لیے جن کی گھر میں نگرانی نہیں کی جا سکتی اور زیادہ ضرورت رکھنے والے طالبعلموں کے لیے منگل 26 مئی سے منگل 9 جون تک دو ہفتے کے عرصے میں سکول میں تعلیم کا موجودہ ماڈل چلتا رہے گا۔ فی الوقت ہم والدین اور نگرانوں کے لیے سکول میں تعلیم کے دنوں یا جزوی دنوں کی ضرورت واضح کرنے کے لیے جو طریق کار استعمال کر رہے ہیں، وہ اس دو ہفتے کے عرصے میں جاری رہے گا۔

ان درجوں اور ایئر لیولز کے دوسرے تمام طالبعلم منگل 9 جون تک گھر سے تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں گے۔

جب ایک جماعتی درجے کے طالبعلم واپس آ چکے ہوں گے تو تمام طالبعلموں سے نارمل معمول کے مطابق سکول میں حاضر ہونے کی توقع کی جائے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ سکول میں اپنے بچے/بچوں کی تعلیم دوبارہ شروع ہو جانے کے بعد انہیں گھر میں رکھنے کا انتخاب کریں گے تو ہم گھر سے ان کی تعلیم کے لیے مزید مدد نہیں کر سکیں گے۔

یہ بات ان بچوں کے سلسلے میں واجب نہیں ہے جنہیں صحت یا طبی وجوہ سے سکول سے غیر حاضر رہنا پڑے۔ ان گھرانوں سے التماس ہے کہ وہ ہم سے رابطہ کریں تاکہ ہم مناسب پلان بنا سکیں۔

یہی طریق کار وکٹوریا کے تمام سرکاری سکول اپنا رہے ہیں۔

ہمارے تمام طالبعلموں اور عملے کی صحت اور فلاح میں مدد کی خاطر، ہمارے سکول اور بھی زیادہ صفائی کے معمولات جاری رکھیں گے اور بار بار ہاتھ دھونے کی ترغیب دیں گے۔

اگر آپ کا بچہ بیمار ہو یا اس کی طبیعت ٹھیک نہ ہو تو اسے سکول آنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ اسے گھر میں رہنا ہوگا اور ڈاکٹر سے مشورہ لینا ہوگا۔

اگرچہ چیف ہیلتھ آفیسر نے مطلّع کیا ہے کہ طالبعلموں کو سکول میں ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنے کا پابند نہیں کیا جائے گا، ہمارے سکولوں کے کام میں کئی اہم تبدیلیاں آئیں گی جو تمام سکولوں کے لیے دستیاب صحت کے مشورے کے مطابق ہیں یہاں

https://www.education.vic.gov.au/about/department/Pages/coronavirus.aspx

یہ تبدیلیاں مزید کوئی اطلاع دیے جانے تک واجب رہیں گی۔ ہمارے سکول کے سلسلے میں آپ کو میری طرف سے جلد ہی مزید تفصیل ملے گی لیکن یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ تبدیلیوں میں یہ شامل ہو گا:

- بچوں کو چھوڑنے اور لینے کے لیے موزوں ردّوبدل کے ساتھ انتظامات، جن میں مختلف درجوں کے لیے سکول کا آغاز اور چھٹی مختلف اوقات پر ہو؛
- ایسے تمام افراد کے لیے سکول کے مقام تک رسائی پر پابندیاں جو سکول کا عملہ یا طالبعلم نہ ہوں؛
- ہمارے والدین اور اساتذہ کی میٹنگیں اور انٹرویو کرنے کا طریقہ

ہمیں احساس ہے کہ کچھ گھرانوں کو کلاس روم میں تدریس اور تحصیل علم کے لیے واپسی کے بارے میں گھبراہٹ محسوس ہو سکتی ہے۔ ہم آپ کو اطمینان دلاتے ہیں کہ یہ فیصلہ ہماری سٹیٹ کو دستیاب صحت کے بہترین مشورے کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

سکول کو واپسی اور کرونا وائرس (COVID-19) کے بارے مزید معلومات ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ پر مل سکتی ہیں جن میں تازہ تبدیلیاں کی جاتی رہیں گی:

https://www.education.vic.gov.au/about/department/Pages/coronavirus.aspx

اس دور میں آپ کی مسلسل مدد اور صبر کے لیے شکریہ۔

ہم طالبعلموں کی کلاس روم میں واپسی پر ان کا خیرمقدم کرنے کے لیے تیار ہیں۔